# Pearson Edexcel GCE

# Urdu

## Advanced Subsidiary
## Unit 1: Spoken Expression and Response in Urdu
## (Teacher/Examiner Version)

Summer 2015
**Time: 8–10 minutes**

Paper Reference
**6UR01**

**You do not need any other materials.**

*Turn over* ▶

P44361A

©2015 Pearson Education Ltd.

1/1/1/1/1/1/1/

PEARSON

## Instructions to teacher/examiner

- Candidates must be allowed 15 minutes' preparation time.
- The preparation time must be immediately prior to the examination.
- The preparation time must be used to study the stimulus.
- Candidates can make notes. This can be up to a maximum of one side of A4.
- Candidates may refer to their notes and the stimulus during the test.
- Candidates must not write on the stimuli.
- Candidates must not have access to a dictionary, or any other resource, during the preparation time.
- Any notes made during the preparation time must be kept by the centre until the release of results.
- The 4 set questions in Section A must be asked by the teacher/examiner as they are presented. Questions may be repeated, but rephrasing is prohibited. **No** supplementary questions may be asked.
- Section B involves a discussion that moves away from the main focus of the stimulus, but is still related to the chosen topic area.

## Sequence of oral tests

- To avoid duplication of stimuli, candidates must be given the cards in the sequence and combination prescribed below. Refer first to the candidate column and then go across to the candidate's chosen general topic area. **For example, for the fourth candidate of the day, refer to row 4. If their chosen general topic area is 'The world around us', they must be allocated stimulus 2 card S2A.**
- If you conduct more than 15 tests in a day e.g. in the morning, afternoon and evening sessions, after the 15th candidate start at the beginning of the sequence again.
- If you are conducting tests on more than one day, start each new day at the beginning of the sequence.

| | **Stimulus** | | | |
|---|---|---|---|---|
| Candidate | Youth culture & concerns | Lifestyle, health and fitness | The world around us | Education and employment |
| 1 | S1A | S2A | S2A | S1A |
| 2 | S2B | S1B | S2B | S1B |
| 3 | S2A | S1A | S1A | S2A |
| 4 | S1B | S2B | S2A | S1A |
| 5 | S2B | S1B | S1B | S2B |
| 6 | S1A | S2A | S1A | S2A |
| 7 | S2A | S2B | S2B | S1B |
| 8 | S2B | S1A | S1B | S2B |
| 9 | S1B | S2A | S2A | S1A |
| 10 | S1A | S1B | S2B | S1B |
| 11 | S2B | S1A | S1A | S2A |
| 12 | S1A | S2B | S2A | S2B |
| 13 | S2A | S1B | S1B | S1A |
| 14 | S2B | S2A | S1A | S2A |
| 15 | S1B | S2B | S2B | S1B |

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# نوجوانوں کے مسائل



ایک رپورٹ کے مطابق برطانیہ میں لاکھوں نوجوان مایوسی کا شکار ہو رہے ہیں ۔ سب سے زیادہ فکر کی بات یہ ہے کہ کافی تعداد میں نوجوان تو گھر سے باہر بھی نہیں نکلتے۔ ان میں سے چالیس فی صد نوجوان یہ سمجھتے ہیں کہ اس احساس کی وجہ سے وہ زندگی میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔ جس کی وجہ سے چند نوجوان نشہ کرنے کے عادی ہو جاتے ہیں اور اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے آہستہ آہستہ جرائم بھی کرنے لگتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق اس کی وجہ سے نوجوانوں کی زندگی ضائع ہونے کے ساتھ ساتھ معاشرے کو بھی نقصان پہنچ رہا ہے۔

1 عبارت کے مطابق بہت سے نوجوان گھر سے باہر کیوں نہیں نکلتے ؟

2 ماہرین کا اس بارے میں کیا کہنا ہے ؟

3 مایوسی کی حالت میں اپنے آپ کو خوش کرنے کے لیے آپ کیا کرتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا آج کل کے نوجوان اپنے وقت کا صحیح استعمال کرتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# نوجوانوں کے مسائل



ایک رپورٹ کے مطابق برطانیہ میں لاکھوں نوجوان مایوسی کا شکار ہو رہے ہیں۔ سب سے زیادہ فکر کی بات یہ ہے کہ کافی تعداد میں نوجوان تو گھر سے باہر بھی نہیں نکلتے۔ ان میں سے چالیس فی صد نوجوان یہ سمجھتے ہیں کہ اس احساس کی وجہ سے وہ زندگی میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔ جس کی وجہ سے چند نوجوان نشہ کرنے کے عادی ہو جاتے ہیں اور اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے آہستہ آہستہ جرائم بھی کرنے لگتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق اس کی وجہ سے نوجوانوں کی زندگی ضائع ہونے کے ساتھ ساتھ معاشرے کو بھی نقصان پہنچ رہا ہے۔

1 عبارت کے مطابق بہت سے نوجوان گھر سے باہر کیوں نہیں نکلتے؟

2 ماہرین کا اس بارے میں کیا کہنا ہے؟

3 مایوس نوجوانوں کو آپ کیا مشورہ دینا پسند کریں گے؟ تفصیل سے بتایئے۔

4 آپ کی رائے میں نوجوانوں کو بُرائیوں سے دور رکھنے کے لیے والدین کیا کر سکتے ہیں؟ تفصیل سے بتایئے۔


**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# موبائل فون اور حادثے



بہت سارے لوگ سڑک پر چلتے ہوئے موبائل فون استعمال کرتے ہیں جو کہ بعض صورتوں میں خطرناک بھی ہو سکتا ہے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ ایسا کرتے ہوئے کبھی کبھی لوگ ایک دوسرے سے یا کوڑے کے ڈبّے سے ٹکرا جاتے ہیں۔ اور ہم سب کو یہ چھوٹے چھوٹے حادثے دیکھ کر ہنسی آجاتی ہے۔ لیکن سڑک کو پار کرتے وقت موبائل فون کا استعمال انتہائی خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ پیدل چلنے والے لوگوں کے زیادہ تر حادثات اس وقت ہوتے ہیں جب وہ موبائل فون استعمال کرنے میں مصروف ہوتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق کون سی بات مزے والی ہوتی ہے؟

2 عبارت کے مطابق زیادہ تر حادثات کس وقت ہوتے ہیں؟

3 آپ کی رائے میں موبائل فون رکھنا ایک فیشن ہے یا ضرورت؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا طلبا کو اسکولوں میں موبائل فون استعمال کرنے کی اجازت ہونی چاہیے یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔


**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# موبائل فون اور حادثے



بہت سارے لوگ سڑک پر چلتے ہوئے موبائل فون استعمال کرتے ہیں جو کہ بعض صورتوں میں خطرناک بھی ہو سکتا ہے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ ایسا کرتے ہوئے کبھی کبھی لوگ ایک دوسرے سے یا کوڑے کے ڈبّے سے ٹکرا جاتے ہیں۔ اور ہم سب کو یہ چھوٹے چھوٹے حادثے دیکھ کر ہنسی آجاتی ہے۔ لیکن سڑک کو پار کرتے وقت موبائل فون کا استعمال انتہائی خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ پیدل چلنے والے لوگوں کے زیادہ تر حادثات اس وقت ہوتے ہیں جب وہ موبائل فون استعمال کرنے میں مصروف ہوتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق کون سی بات مزے والی ہوتی ہے؟

2 عبارت کے مطابق زیادہ تر حادثات کس وقت ہوتے ہیں؟

3 آپ کے خیال میں خاندانی زندگی پر موبائل فون کے کیا اثرات ہو رہے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا گاڑی چلاتے وقت موبائل فون کے استعمال پر مکمل پابندی ہونی چاہیے یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# ورزش اور صحت



برطانیہ کے محکمہ صحت نے ہدایت کی ہے کہ لوگوں کو ہفتے میں کم از کم تین گھنٹے کے لیے ضرور ورزش کرنی چاہیے۔ ایک سروے کے مطابق صرف چالیس فی صد لوگ اس ہدایت پر عمل کرتے ہیں۔ حالانکہ پیدل چلنا صحت کے لیے بہت اچھا سمجھا جاتا ہے اس کے باوجود پچیس فی صد سے کم لوگ صرف ایک گھنٹہ پیدل چلتے ہیں۔ ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ باقاعدگی سے پیدل چلنا نہ صرف جسمانی صحت کے لیے مفید ہے بلکہ اس سے دماغی سکون بھی ملتا ہے۔ اس کے علاوہ اچھی صحت کے لیے مناسب غذا بھی بہت ضروری ہے۔

1 عبارت کے مطابق محکمہ صحت نے لوگوں کو کیا ہدایت دی ہے؟

2 عبارت کے مطابق پیدل چلنے کے کیا فائدے ہیں؟

3 طلبا کی صحت اور تندرستی کے لیے اسکول کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 ٹیکنالوجی نے صحت پر کیا اثر ڈالا ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# ورزش اور صحت



برطانیہ کے محکمہ صحت نے ہدایت کی ہے کہ لوگوں کو ہفتے میں کم از کم تین گھنٹے کے لیے ضرور ورزش کرنی چاہیے۔ ایک سروے کے مطابق صرف چالیس فی صد لوگ اس ہدایت پر عمل کرتے ہیں۔ حالانکہ پیدل چلنا صحت کے لیے بہت اچھا سمجھا جاتا ہے اس کے باوجود پچیس فی صد سے کم لوگ صرف ایک گھنٹہ پیدل چلتے ہیں۔ ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ باقاعدگی سے پیدل چلنا نہ صرف جسمانی صحت کے لیے مفید ہے بلکہ اس سے دماغی سکون بھی ملتا ہے۔ اس کے علاوہ اچھی صحت کے لیے مناسب غذا بھی بہت ضروری ہے۔

1 عبارت کے مطابق محکمہ صحت نے لوگوں کو کیا ہدایت دی ہے؟

2 عبارت کے مطابق پیدل چلنے کے کیا فائدے ہیں؟

3 آپ کے خیال میں صحت مند رہنے کے لیے لوگوں کو کیا مشورہ دیا جا سکتا ہے؟

4 آپ کے خیال میں مناسب غذا سے کیا مراد ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

## پکا ارادہ



پاکستان میں بہت سارے اسکواش کے بہترین کھلاڑی پیدا ہوئے ہیں لیکن اب تک اس کھیل میں صرف مردوں ہی کو شہرت ملی ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ وزیرستان میں پیدا ہونے والی ماریہ نامی لڑکی اسکواش کی نئی چمپیئن بن گئی ہے۔ ماریہ دس سال کی عمر میں اسکواش میں دلچسپی لینے لگی۔ اس کے والد نے اس کی حوصلہ افزائی کی اور اس کے لیے تربیت حاصل کرنے کا انتظام کیا مگر لڑکی ہونے کی وجہ سے ماریہ کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا مگر اس نے ہمت نہ ہاری اور کینیڈا جا کر نوجوانوں کے اسکواش کے عالمی مقابلے میں تیسرے نمبر پر آئی۔

1 عبارت کے مطابق ماریہ نے کس عمر میں اسکواش کھیلنا شروع کیا؟

2 عبارت کے مطابق ماریہ کو کینیڈا کیوں جانا پڑا؟

3 آپ کی رائے میں آپ کے علاقے میں کھیلوں کی سہولتیں کافی ہیں یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کے خیال میں ہماری زندگی پر کھیلوں کے کیا اثرات ہوتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔


**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# پکا ارادہ



پاکستان میں بہت سارے اسکواش کے بہترین کھلاڑی پیدا ہوئے ہیں لیکن اب تک اس کھیل میں صرف مردوں ہی کو شہرت ملی ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ وزیرستان میں پیدا ہونے والی ماریہ نامی لڑکی اسکواش کی نئی چمپیئن بن گئی ہے۔ ماریہ دس سال کی عمر میں اسکواش میں دلچسپی لینے لگی۔ اس کے والد نے اس کی حوصلہ افزائی کی اور اس کے لیے تربیت حاصل کرنے کا انتظام کیا مگر لڑکی ہونے کی وجہ سے ماریہ کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا مگر اس نے ہمت نہ ہاری اور کینیڈا جا کر نوجوانوں کے اسکواش کے عالمی مقابلے میں تیسرے نمبر پر آئی۔

1 عبارت کے مطابق ماریہ نے کس عمر میں اسکواش کھیلنا شروع کیا؟

2 عبارت کے مطابق ماریہ کو کینیڈا کیوں جانا پڑا؟

3 آپ کی رائے میں لڑکیوں کو کھیلوں میں حصہ لینا چاہیے یا نہیں اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا کھلاڑیوں کو کھیلنے کے لیے بہت زیادہ پیسے ملنے چاہییں یا نہیں؟ اپنی رائے کا تفصیل سے اظہار کیجیے۔


**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# ماحول کی حفاظت




عام طور پر بجلی سے چلنے والی کوئی بھی چیز جب خراب ہوجاتی ہے تو ہم اسے پھینک دیتے ہیں کیونکہ اس کو مرمت کرانے کا خرچ نئی چیز کی قیمت سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔ حال ہی میں لندن میں ایک تربیتی کورس شروع ہوا ہے جس میں لوگ اپنی خراب ہونے والی چیزوں کی مرمت کرنا سیکھ سکتے ہیں۔ کورس لیڈر کا کہنا ہے کہ لوگ بجلی سے چلنے والی مشینوں کو مرمت کرنے سے ڈرتے ہیں جب کہ اکثر چیزیں آسانی سے مرمت کی جاسکتی ہیں۔ اس طرح ہم نہ صرف اپنے پیسے بچا سکتے ہیں بلکہ اپنے ماحول کی حفاظت بھی کر سکتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق لوگ اپنی خراب ہونے والی چیزیں کیوں پھینک دیتے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق کورس لیڈر کا کیا کہنا ہے؟

3 آپ کے خیال میں ری سائیکلنگ کیوں ضروری ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 اکثر لوگ ماحول کی پرواہ نہیں کرتے۔ اس بارے میں اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔


**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# ماحول کی حفاظت




عام طور پر بجلی سے چلنے والی کوئی بھی چیز جب خراب ہوجاتی ہے تو ہم اسے پھینک دیتے ہیں کیونکہ اس کو مرمت کرانے کا خرچ نئی چیز کی قیمت سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔ حال ہی میں لندن میں ایک تربیتی کورس شروع ہوا ہے جس میں لوگ اپنی خراب ہونے والی چیزوں کی مرمت کرنا سیکھ سکتے ہیں۔ کورس لیڈر کا کہنا ہے کہ لوگ بجلی سے چلنے والی مشینوں کو مرمت کرنے سے ڈرتے ہیں جب کہ اکثر چیزیں آسانی سے مرمت کی جا سکتی ہیں۔ اس طرح ہم نہ صرف اپنے پیسے بچا سکتے ہیں بلکہ اپنے ماحول کی حفاظت بھی کر سکتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق لوگ اپنی خراب ہونے والی چیزیں کیوں پھینک دیتے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق کورس لیڈر کا کیا کہنا ہے؟

3 آپ کی رائے میں ٹیکنالوجی کا استعمال ہمارے ماحول کے لیے نقصان دہ ہے یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 ماحول کو صاف رکھنے میں ہماری کیا ذمہ داری ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# خیراتی کام



پاکستان میں جب بھی کوئی قدرتی آفت مثلاً سیلاب یا زلزلہ وغیرہ آتا ہے تو امدادی کاموں میں ایدھی کا خیراتی ادارہ لوگوں کی مدد کے لیے سب سے پہلے پہنچ جاتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ ادارہ بیواؤں، یتیموں اور دوسرے ضرورت مندوں کی مدد کے لیے ہر وقت تیار رہتا ہے۔ اپنے انہی نیک کاموں کی وجہ سے اس خیراتی ادارے نے نہ صرف پاکستان میں بلکہ دنیا بھر میں بہت نام کمایا ہے۔اس کی خاص وجہ اس ادارے کی محنت، ایمان داری اور پیسے کا صحیح استعمال ہے۔اسی لیے لوگ اس ادارے پر بہت اعتماد کرتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق ایدھی کا خیراتی ادارہ کس طرح کے لوگوں کی مدد کرتا ہے؟

2 عبارت کے مطابق لوگ اس ادارے پر کیوں اعتماد کرتے ہیں؟

3 قدرتی آفات کی صورت میں خیراتی کام کی کیا اہمیت ہے؟ تفصیل سے جواب دیجیے۔

4 قدرتی آفات کی صورت میں لوگوں کی مدد کرنا کس کی ذمہ داری ہے؟ اپنی رائے کا تفصیل سے اظہار کیجیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# خیراتی کام



پاکستان میں جب بھی کوئی قدرتی آفت مثلاً سیلاب یا زلزلہ وغیرہ آتا ہے تو امدادی کاموں میں ایدھی کا خیراتی ادارہ لوگوں کی مدد کے لیے سب سے پہلے پہنچ جاتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ ادارہ بیواؤں، یتیموں اور دوسرے ضرورت مندوں کی مدد کے لیے ہر وقت تیار رہتا ہے۔ اپنے انہی نیک کاموں کی وجہ سے اس خیراتی ادارے نے نہ صرف پاکستان میں بلکہ دنیا بھر میں بہت نام کمایا ہے۔اس کی خاص وجہ اس ادارے کی محنت، ایمان داری اور پیسے کا صحیح استعمال ہے۔اسی لیے لوگ اس ادارے پر بہت اعتماد کرتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق ایدھی کا خیراتی ادارہ کس طرح کے لوگوں کی مدد کرتا ہے؟

2 عبارت کے مطابق لوگ اس ادارے پر کیوں اعتماد کرتے ہیں؟

3 قدرتی آفات کا لوگوں کی زندگی پر کیا اثر ہوتا ہے؟ تفصیل سے جواب دیجیے۔

4 سیلاب یا زلزلہ جیسی آفات کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ تفصیل سے جواب دیجیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# کمپیوٹر اور تعلیم



حال ہی میں جنوبی ویلز کے چند پرائمری اسکولوں میں اساتذہ اپنے طلبا کی پڑھنے کی قابلیت بڑھانے کے لیے کمپیوٹر استعمال کر رہے ہیں۔ اب ہر طالب علم کے پاس سبق کے دوران اپنا ذاتی کمپیوٹر ہوتا ہے۔ ایک سال میں ساتویں جماعت کے جن طلبا نے کمپیوٹر پر کتابیں پڑھیں اُن کے پڑھنے کے معیار میں کافی بہتری آئی ہے۔ اِس کے علاوہ طلبا کے شوق میں بھی بے حد اضافہ ہوا ہے۔ وزیر تعلیم نے ملک بھر کے ہر پرائمری اسکول کو اس تجربے کے نتائج پر غور کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

1 عبارت کے مطابق ویلز کے پرائمری اسکولوں میں کیا خاص بات ہو رہی ہے؟

2 عبارت کے مطابق وزیر تعلیم نے کیا کہا ہے؟

3 چھوٹے بچوں کو کس عمر میں اسکول شروع کرنا چاہیے اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا تعلیم میں کمپیوٹر کو ضرورت سے زیادہ اہمیت دی جاتی ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔



P44361A

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# کمپیوٹر اور تعلیم



حال ہی میں جنوبی ویلز کے چند پرائمری اسکولوں میں اساتذہ اپنے طلبا کی پڑھنے کی قابلیت بڑھانے کے لیے کمپیوٹر استعمال کر رہے ہیں۔ اب ہر طالب علم کے پاس سبق کے دوران اپنا ذاتی کمپیوٹر ہوتا ہے۔ ایک سال میں ساتویں جماعت کے جن طلبا نے کمپیوٹر پر کتابیں پڑھیں اُن کے پڑھنے کے معیار میں کافی بہتری آئی ہے۔ اِس کے علاوہ طلبا کے شوق میں بھی بے حد اضافہ ہوا ہے۔ وزیر تعلیم نے ملک بھر کے ہر پرائمری اسکول کو اس تجربے کے نتائج پر غور کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

1 عبارت کے مطابق ویلز کے پرائمری اسکولوں میں کیا خاص بات ہو رہی ہے؟

2 عبارت کے مطابق وزیر تعلیم نے کیا کہا ہے؟

3 آج کل کتابیں پڑھنے کا رواج کیوں کم ہوتا جا رہا ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا امتحانات ضروری ہیں؟ اپنی رائے کی وضاحت کیجیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# امتحان کی تیاری



آج کل امتحان کی تیاری کے سلسلے میں طلبا کو رسالوں میں اور انٹرنیٹ پر کافی معلومات مل سکتی ہیں۔ اب ماہرین نے امتحان کی تیاری کرنے کے دس طریقوں پر تحقیق کرنے کے بعد یہ ثابت کیا ہے کہ ان میں سے صرف دو طریقے زیادہ فائدہ مند ہیں۔ ان کے مطابق کوئی بھی کتاب پڑھتے وقت کاغذ پر نوٹ لکھتے جائیں اور ان کو باقاعدگی سے دہراتے رہیں۔ اس سے الفاظ کو یاد رکھنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے اور امتحان دیتے وقت آپ آسانی سے مناسب اور ضروری معلومات اپنے پرچوں پر لکھ سکتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق ماہرین نے کس چیز پر تحقیق کی ہے؟

2 عبارت کے مطابق امتحان کی تیاری کے کون سے طریقے زیادہ مفید ہیں؟

3 آپ کے خیال میں اکثر طلبا امتحان سے کیوں گھبراتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا امتحانات سے طلبا کی قابلیت کا صحیح اندازہ لگایا جا سکتا ہے؟ اپنی رائے کا تفصیل سے اظہار کیجیے۔



P44361A

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# امتحان کی تیاری



آج کل امتحان کی تیاری کے سلسلے میں طلبا کو رسالوں میں اور انٹرنیٹ پر کافی معلومات مل سکتی ہیں۔ اب ماہرین نے امتحان کی تیاری کرنے کے دس طریقوں پر تحقیق کرنے کے بعد یہ ثابت کیا ہے کہ صرف ان میں سے دو طریقے زیادہ فائدہ مند ہیں۔ ان کے مطابق کوئی بھی کتاب پڑھتے وقت کاغذ پر نوٹ لکھتے جائیں اور ان کو باقاعدگی سے دہراتے رہیں۔ اس سے الفاظ کو یاد رکھنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے اور امتحان دیتے وقت آپ آسانی سے مناسب اور ضروری معلومات اپنے پرچوں پر لکھ سکتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق ماہرین نے کس چیز پر تحقیق کی ہے؟

2 عبارت کے مطابق امتحان کی تیاری کے کون سے طریقے زیادہ مفید ہیں؟

3 آپ کی رائے میں امتحان کی تیاری میں اساتذہ کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کی رائے میں امتحان میں نقل کرنے کو کیسے روکا جا سکتا ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**BLANK PAGE**

Images used within this paper and the accompanying candidate cards may be from www.clipart.com